VALG

اردو | Urdu

مونسپل اور کاؤنٹی کونسل انتخابات 2019

ووٹروں کے لیے اہم معلومات



بروز پیر 9 ستمبر کو یوم انتخاب ہے۔ اپنی شناخت یاد رکھیں!

VALGdirektoratet

مونسپل اور کاؤنٹی کونسل انتخابات 2019

انتخابات یہ چننے میں ہماری مدد کرتے ہیں کہ ہم اپنی مونسپل کونسل اور اپنی کاؤنٹی کونسل میں کسے اپنا نمائندہ بنانا چاہتے ہیں۔

میونسپل کونسل میونسپلٹی کی اعلی ترین عاملہ ہے۔ اس کا مقصد مقامی امور پر فیصلے کرنا ہے جیسے کہ کنڈرگارٹنز، بچوں کی بہبود، پلاننگ اور زمین سے متعلق سوالات، پرائمری اور لوئر سیکنڈری سکولز، صحت اور نگہداشت سے متعلق خدمات، ثقافتی اقدامات اور کوڑا اکٹھا کرنا۔

کاؤنٹی کونسل کاؤنٹی اتھارٹی کی اعلی ترین عاملہ ہے۔ کاؤنٹی کونسل اپر سیکنڈری سکول کی تعلیم، کاؤنٹی کی سڑکوں اور متعلقہ فیری روٹس، مقامی سرکاری ٹرانسپورٹ اور ثقافتی اقدامات جیسے امور پر فیصلے لیتی ہے۔ اوسلو میں مونسپل کونسل کا انتخاب اور ڈسٹرکٹ کونسلز کے انتخابات ہوں گے، لیکن کاؤنٹی کونسل انتخاب نہیں ہوگا۔

یہ ایسے مقامی معاملات ہیں جن کا آپ کی روزمرّہ کی زندگی پر بہت زیادہ اثر ہوتا ہے۔ ووٹ ڈال کر آپ یہ فیصلہ کرنے میں مدد کرتے ہیں کہ کون نمائندگی کرے گا ساتھ ہی میونسپل کونسل اور کاؤنٹی کونسل میں اپنی دلچسپی کا اظہار بھی کرتے ہیں۔

یہ بروشر ووٹ ڈالنے کے طریقے کے بارے میں معلومات پر مشتمل ہے۔

یوم انتخاب بروز پیر 9 ستمبر 2019 کو ہے۔

بہت سی میونسپلٹیز بروز اتوار 8 ستمبر کو بھی انتخابات کا انعقاد کر رہی ہیں۔ میونسپلٹی یہ اعلان کرے گی کہ آیا انتخاب ایک دن میں ہوگا یا دو دنوں میں۔

ووٹ ڈالتے وقت اپنی شناخت ساتھ لانا یاد رکھیں

جائز شناخت کی مثالوں میں پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس یا آپ کی تصویر کے ساتھ بینک کارڈ شامل ہے۔ آپ دیگر قسم کی شناخت کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ شناخت میں کم سے کم آپ کا نام، تاریخ پیدائش اور تصویر شامل ہونی چاہیے۔ عوامی نمائندگی سے متعلق نارویجین قانون ایسے ووٹروں سے تقاضہ کرتا ہے کہ وہ پولنگ آفیسر کو اپنی شناخت پیش کریں جنہیں وہ نہیں جانتے ہیں۔

اگر اپ نرسنگ ہوم، ہسپتال یا جیل جیسے اداروں میں ہیں، تو آپ ادارے کے کسی ملازم کو اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے لے ساتھ لا سکتے ہیں۔ ان حالات میں، ملازمین کے لیے اپنی شناخت کروانا ضروری ہے۔

سبھی ووٹروں کو ایک پولنگ کارڈ بھیجا جائے گا

پولنگ کارڈ کے سامنے والے حصے میں اس پولنگ اسٹیشن اور انتخاب والے دن اس کے کھلنے کے اوقات کی معلومات ہوگی جہاں آپ رجسٹرڈ ہیں۔ **ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو اپنے پولنگ کارڈ لانے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن ایسا کرنے سے آپ کا وقت بچے گا۔** پولنگ کارڈ کو شناخت شمار نہیں کیا جاتا۔

کون ووٹ ڈالنے کا مستحق ہے؟

- نارویجین شہری جو 2019 کے اختتام سے قبل 18 سال کے ہو جائیں گے اور جو ناروے کی نیشنل رجسٹری میں بطور رہائشی کے مندرج ہیں، یا کبھی رہے ہیں۔
- دیگر نارڈک ملک (جیسے ڈنمارک، آئسلینڈ، فن لینڈ یا سویڈن) کے شہری جو 2019 کے اختتام سے قبل 18 سال کی عمر کے ہو جائیں گے اور جو حالیہ ترین 30 جون 2019 کی تاریخ تک نیشنل رجسٹری میں بطور رہائشی مندرج ہیں۔
- ایسے لوگ جو نارویجین شہری نہیں ہیں اور جو 2019 کے اختتام سے قبل 18 سال کے ہو جائیں گے اور جو نیشنل رجسٹری میں انتخاب کی تاریخ سے قبل والے تین سالوں کے دوران ناروے میں بطور رہائشی مندرج ہیں۔

ڈپلومیٹک یا کونسولر کی خدمات کے ملازمین، اور ان کے گھرانے کے لوگوں کو، اس بات سے قطع نظر ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہے کہ آیا وہ ناروے کی نیشنل رجسٹری میں بطور رہائشی مندرج ہیں یا نہیں۔ انہیں الیکٹورل رجسٹر میں اندراج کے لیے درخواست کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اپنے ووٹ ڈالنے کے حق کا استعمال کرنے کے لیے ووٹروں کا اندراج الیکٹورل رجسٹر میں ہونا ضروری ہے۔

آپ کب اور کہاں ووٹ ڈال سکتے ہیں؟

یوم انتخاب پر، آپ کے لیے اس میونسپلٹی میں ووٹ ڈالنا ضروری ہے جہاں آپ 30 جون 2019 کو بطور رہائشی مندرج ہیں۔ آپ میونسپلٹی کے کسی بھی پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ اگلے صفحہ پر موجود خاکے دیکھیں جن میں بتایا گیا ہے کہ کس طرح اپنی گھریلو میونسپلٹی میں ووٹ ڈالیں۔

پیشگی ووٹس بروز سنیچر 10 اگست سے لے کر بروز جمعہ 6 ستمبر تک اور اس کے بشمول کاؤنٹی کی کسی بھی میونسپلٹی میں ڈالے جاسکتے ہیں۔

ایسے ووٹرز جو پیشگی ووٹنگ والی مدت کے دوران یا انتخاب والے دن ووٹ ڈالنے سے قاصر ہیں وہ میونسپلٹی سے رابطہ کر سکتے ہیں اور 1 جولائی سے لے کر 10 اگست کو پیشگی ووٹنگ والی مدت شروع ہونے تک ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنی گھریلو میونسپلٹی سے باہر کام کرتے ہیں، تو آپ کو جو بیلٹ پیپر (ز) موصول ہوں گے ان میں ملکی پیمانے پر رجسٹرڈ سیاسی پارٹیوں کے نام درج ہوں گے۔ آپ کو اس پارٹی کے باکس میں ایک کراس کا نشان لگانا ہے جسے آپ ووٹ دینا چاہتے ہیں۔ بیلٹ پیپر (ز) میں پارٹی کے امیدواروں کا نام نہیں ہوگا اور اس طرح آپ انفرادی ووٹز نہیں ڈال پائیں گے۔

اگر وہ پارٹی یا گروپ کا نام بیلٹ پیپر پر درج نہ ہو جس کے لیے آپ ووٹ دینا چاہتے ہیں تو، آپ بیلٹ پیپر پر پارٹی/گروپ کا نام لکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ امیدواروں کے لیے ذاتی ووٹ ڈالنا چاہتے ہیں تو آپ اپنی میونسپلٹی سے بھی بیلٹ پیپر حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنی میونسپلٹی سے باہر ووٹ ڈالتے ہیں تو یہ ضروری ہے کہ آپ اسے بیلٹ پیپر کے لفافے میں ڈالنے سے قبل ایک پولنگ آفیسر سے اس بیلٹ پر مہر لگانے کو کہیں۔ پھر بیلٹ پیپر کے لفافے اور پولنگ کارڈ کو پولنگ آفیسر ایک دیگر لفافے میں ڈالے گا۔ پھر آپ اس لفافے کو بیلٹ باکس میں ڈال سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنے ساتھ پولنگ کارڈ نہیں لائے ہیں تو، پولنگ آفیسر آپ کے لیے ایک کارڈ پُر کرے گا۔ ووٹ کو آپ کی گھریلو میونسپلٹی میں شمار کے لیے بھیج دیا جاتا ہے۔

اگر آپ کاؤنٹی انتخابات **میں اپنی کاؤنٹی سے باہر ووٹ ڈالتے ہیں تو بھی اسی طریقہ کار کا اطلاق ہوتا ہے۔**

اگر آپ بیمار یا معذور ہیں، تو آپ پیشگی طور پر گھر سے ووٹ ڈالنے کے لیے میونسپلٹی میں درخواست دے سکتے ہیں۔ میونسپلٹی آپ کو قابل اطلاق آخری تاریخ کی اطلاع دے گی۔

اگر آپ نیشنل رجسٹری میں ایک ایسی میونسپلٹی یا کاؤنٹی کے رہائشی کے طور پر درج ہیں جو بلدیاتی اور علاقائی اصلاحات سے متاثر ہے تو، آپ اپنی نئی میونسپلٹی کی میونسپل کونسل اور اپنی نئی کاؤنٹی کی کاؤنٹی کونسل کے لیے نمائندوں کا کریں گے۔

میونسپلٹی آپ کو بتائے گی کہ پولنگ اسٹیشنز کہاں پر ہیں اور ان کے کھلنے کے اوقات کیا ہیں۔

آپ اگست سے اپنا پولنگ اسٹیشن آن لائن بھی تلاش کر سکتے ہیں: valglokaler.no

آپ اپنی گھریلو میونسپلٹی میں کیسے ووٹ ڈالیں گے؟



1) وہ بیلٹ پیپر (ز) لیں جسے آپ استعمال کرنا چاہتے ہیں: ایک میونسپل کونسل انتخاب کے لیے اور ایک کاؤنٹی کونسل انتخاب کے لیے، اگر آپ ان دونوں انتخابات کے لیے ووٹ ڈالنا چاہتے ہیں۔



2) ذاتی ووٹس ڈالنے کے لیے، درج امیدواروں میں سے اس امیدوار کے سامنے والے باکس میں ایک کراس کا نشان لگائیں جسے آپ ذاتی ووٹ دینا چاہتے ہیں۔ آپ جتنے امیدواروں کو چاہیں ذاتی ووٹ دے سکتے ہیں (اگلے صفحہ پر رہنمائی دیکھیں)۔



3) بیلٹ پیپر (ز) کو موڑ دیں تاکہ پارٹی کا نام اندر کی طرف اور اسٹامپ لگانے والا حصہ باہر کی طرف ہو - اس سے کوئی یہ نہیں دیکھ سکے گا کہ آپ نے کسے ووٹ دیا ہے۔ بیلٹ پیپر (ز) کو لفافے یا کسی دیگر کور میں نہ ڈالیں۔



4) پولنگ آفیسر کے پاس جائیں اور بیلٹ پیپر (ز) پر اسٹامپ لگوائیں۔ یہ ووٹ کی منظوری کے لیے اہم ہے۔



5) بیلٹ پیپر (ز) کو بیلٹ باکس میں ڈال دیں۔

اوسلو میں مونسپل کونسل کا انتخاب اور ڈسٹرکٹ کونسلز کے انتخابات ہوں گے، لیکن کاؤنٹی کونسل انتخاب نہیں ہوگا۔ اگر آپ اوسلو میں الیکٹورل رجسٹر میں درج ہیں اور ڈسٹرکٹ کونسل کے انتخاب میں ووٹ ڈالنا چاہتے ہیں تو، آپ یا تو ڈسٹرکٹ کونسل انتخاب کے لیے بیلٹ پیپر کا استعمال کرسکتے ہیں جو آپ ساتھ لائے ہوں یا خالی کاغذ پر اس پارٹی/گروپ کا نام لکھ سکتے ہیں جس کے لیے آپ ووٹ کر رہے ہیں۔ اگر آپ کاغذ کے خالی صفحے کا استعمال کرتے ہیں تو، آپ کے لیے کاغذ پر یہ لکھنا بھی ضروری ہے کہ اس کاغذ کا تعلق ڈسٹرکٹ کونسل انتخاب سے ہے۔

آپ بیلٹ پیپر میں تبدیلیاں کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اس بات کو متاثر کرنا چاہتے ہیں کہ کون سے امیدواران کا انتخاب ہو، تو آپ ان امیدواروں کے لیے ذاتی ووٹس ڈال سکتے ہیں جس کے لیے آپ یہ ذاتی ووٹ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ یہ فیصلہ آپ کو کرنا ہے کہ آیا آپ ذاتی ووٹ (ووٹس) ڈال کر بیلٹ پیپر میں تبدیلیاں کرنا چاہتے ہیں۔ ذاتی ووٹ ڈالنے کا طریق کار بیلٹ پیپر پر بیان کیا گیا ہے۔

ذاتی ووٹ ڈالنا:

1) اس فرد کے نام کے سامنے والے باکس میں ایک کراس کا نشان لگائیں جسے آپ ذاتی ووٹ دینا چاہتے ہیں۔ آپ جتنے امیدواروں کے لیے چاہیں ذاتی ووٹ دے سکتے ہیں۔



2) بیلٹ پیپر کے ایک علیحدہ فیلڈ پر دیگر پارٹیوں/گروپوں کے امیدواروں کے نام لکھیں۔ آپ کتنے امیدواروں کا نام شامل کر سکتے ہیں اسے بیلٹ پیپر پر بیان کیا گیا ہے۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ، اگر آپ دیگر پارٹی/گروپ کے لیے ذاتی ووٹ ڈالتے ہیں تو، ایک مبینہ فہرست ووٹ دیگر پارٹی/گروپ کو منتقل ہو جائے گی ۔ یہ میونسپل کونسل میں مینڈیٹ کی تقسیم کو متاثر کر سکتا ہے ۔

کاؤنٹی کونسل کے انتخابات میں:

اس فرد کے نام کے آگے موجود باکس میں کراس کا نشان لگائیں جسے آپ ایک ذاتی ووٹ دینا چاہتے ہیں۔ آپ جتنے امیدواروں کے لیے چاہیں ذاتی ووٹ ڈال سکتے ہیں۔



کون منتخب ہوگا؟

الیکٹورل کمیٹی سب سے پہلے یہ تعین کرے گی کہ مختلف پارٹیاں یا گروپز میں سے ہر ایک کو میونسپل کونسل یا کاؤنٹی کونسل کے لیے کتنے نمائندے ملیں گے۔ پھر الیکٹورل کمیٹی یہ جاننے کے لیے ذاتی ووٹوں کا شمار کرے گی کہ ہر پارٹی یا گروپ سے کون سے امیدواروں کو منتخب کیا گیا ہے۔

آپ مزید معلومات valg.no پر حاصل کرسکتے ہیں

2019 میں نارویجین ڈائرکٹوریٹ آف الیکشنز کے ذریعہ شائع کردہ۔
یہ بروشر بوکمال، نینورسک، سامی اور دس دیگر زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔

انتخاب کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، دیکھیں valg.no